NHS
Greater Glasgow and Clyde

معلومات برائے آپ کے

# سی ٹی کولونوگرافی (گیسٹروگریفن سے تیاری)

(Information about your CT Colonography (Gastrografin Preparation) - Urdu)

## سی ٹی کولونوگرافی کیا ہے؟

سی ٹی کولونوگرافی ایک جانچ ہے جو بڑی آنت (بڑی آنت کے نچلے بڑے حصہ اور بڑی آنت کے نچلے سرے) کی تصویریں لینے کے لیے سی ٹی اسکینر کا استعمال کرتی ہے۔

جانچ کے دوران، ہم ایک ایسی پتلی لچکدار ٹیوب کے واسطہ سے گیس کے ذریعہ آنت کو پھلاتے ہیں جسے ہم آپ کے مقعد میں ڈالتے ہیں۔ ہم آپ کو پیٹھ کے بل، اور پھر آپ کے پیٹ کے بل، لٹا کر آپ کا اسکین کرتے ہیں۔ پھر ڈاکٹرز گومڑوں اور کینسر کی علامات کے لیے اسکین پر نظر ڈال سکتے ہیں۔

## جانچ سے پہلے کون سی تیاری مطلوب ہے؟

ہمیں ایک واضح تصویر فراہم کرنے کے لیے، جانچ سے پہلے آپ کی آنت کا پاخانے سے صاف ہونا ضروری ہے۔ ہم اسے آنت کی تیاری کہتے ہیں اور ہم آپ کو اس جانچ سے پہلے لینے کے لیے گیسٹروگریفن دیں گے۔ گیسٹروگریفن ایک ہلکی دست آور دوا ہے جو زیادہ تر پاخانے کو نکال دے گی، لیکن جو پاخانے کو گومڑوں سے الگ کرنے میں بھی ہماری مدد کرتی ہے۔

**آپ کو گیسٹروگریفن، اور آپ کی غذا، سے متعلق سخت ہدایات پر عمل کرنے کی ضرورت ہوگی، ورنہ جانچ ناکام ہو سکتی ہے، اور اسے دوبارہ کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔** یہ ہدایات اس کتابچہ کے اخیر میں دی گئی ہیں۔

## یہ جانچ کہاں انجام پائے گی؟

ریڈیولوجی یا امیجنگ ڈپارٹمنٹ میں سی ٹی اسکینر روم کے اندر۔

## اس جانچ کے دوران کیا ہوتا ہے؟

ریڈیوگرافر جانچ کی وضاحت کرے گا اور آپ کے کسی بھی سوالات کا جواب دے گا۔ اگر آپ کو آپ کی آنت کی تیاری سے متعلق کوئی پریشانی پیش آچکی ہے تو برائے مہربانی انہیں آگاہ کریں۔ برائے مہربانی اگر آپ کو درج ذیل میں سے کوئی بھی شکایت ہے تب بھی انہیں مطلع کریں: ذیابیطس، دمہ، گردے کی بیماری، گلوکوما، پروسٹیٹزم، انجائنا یا دل سے متعلق دیگر پریشانیاں، یا کوئی الرجیاں، خاص طور پر ایکسرے کے کنٹراسٹ کے انجیکشنز سے۔

- اس جانچ میں صرف تقریبا 30- 20 منٹ لگتے ہیں، لیکن آپ کو ڈپارٹمنٹ میں 1 سے 2 گھنٹے تک رہنا پڑ سکتا ہے۔
- ہم آپ کے بازو میں ایک رگ کے اندر ایک سوئی ڈالیں گے۔
- ہم آپ سے اسکینر ٹیبل پر آپ کے بائیں پہلو کے بل لیٹ جانے کو کہیں گے، اور ریڈیوگرافر آپ کے مقعد میں ایک چھوٹی لچکدار ٹیوب داخل کرے گا۔
- ہم آنت کے تشنج سے بچنے کے لیے آپ کو عضلات سے متعلق ایک سکون آور دوا دے سکتے ہیں۔
- ہم اس ٹیوب کے واسطہ سے آپ کی آنت کے اندر دھیرے دھیرے، ایک مشین کے ذریعہ کنٹرول کی جانے والی رفتار سے، گیس (کاربن ڈائی آکسائڈ) داخل کریں گے۔ آپ اپنے پیٹ میں کچھ تکلیف اور نفخ محسوس کر سکتے/سکتی ہیں۔
- جب ریڈیوگرافر آپ کی بڑی آنت میں پہنچنے والی گیس کی مقدار سے مطمئن ہو جائے گا تو وہ آپ کے بازو میں لگی سوئی کے واسطہ سے آیوڈین پر مبنی کنٹراسٹ کا ایک انجیکشن دے گا۔
یہ آپ کو ایک گرم حرارت کا احساس دلا سکتا ہے لیکن یہ صرف چند سیکنڈ رہتا ہے۔
- آپ پہلے اسکین کے لیے اپنی پیٹھ کے بل لیٹ جائیں گے/گی، اور پھر دوسرے اسکین کے لیے ہم آپ کو اپنے پیٹ کے بل لیٹنے کے لیے کہیں گے۔ ہر اسکین صرف تقریبا 20 سیکنڈ تک چلتا ہے۔
- پھر ہم ٹیوب نکال دیں گے، لیکن ہم گھر جانے سے پہلے آپ کو 15-20 منٹ تک ڈپارٹمنٹ میں رکنے کے لیے کہیں گے۔ آپ حسب معمول کھا اور پی سکتے/سکتی ہیں۔

## مجھے نتیجہ کب معلوم ہوگا؟

نتائج عام طور پر جانچ کے وقت دستیاب نہیں ہوں گے۔ اگر جانچ کا انتظام کسی آوٹ پیشنٹ کلینک کی طرف سے کیا گیا تھا تو ہم نتائج کلینک کو بھیجیں گے۔ اگر آپ کو ابھی کوئی واپسی کا اپائنٹمنٹ نہیں دیا گیا ہے، اور تین ہفتوں کے بعد آپ کو کوئی جواب نہیں ملا ہے تو صلاح کے لیے آوٹ پیشنٹ کلینک یا اپنے جی پی سے رابطہ کریں۔

## کیا اس میں کوئی خطرات پائے جاتے ہیں؟

سی ٹی کولونوگرافی ایک بہت محفوظ جانچ سمجھی جاتی ہے۔ بہت شاذ و نادر ہی پریشانیاں پیش آسکتی ہیں، اور اگر پیش آتی ہیں تو وہ ان سے ملتی جلتی ہوتی ہیں جو آنت کا معائنہ کرنے کے دیگر طریقوں کے ساتھ پیش آسکتی ہیں۔ ان میں درج ذیل چیزیں شامل ہیں:

- پیٹ کی تکلیف
- غشی جیسے ردعمل
- داخل کردہ کنٹراسٹ سے ردعمل
- آنت کی دیوار کو نقصان (استر میں معمولی پھٹن، بہت شاذ و نادر ہے، 3000 جانچوں میں 1 سے بھی کم، اور عام طور پر سنگین نہیں ہوتی ہے)
- دھندلی بینائی (عضلات سے متعلق سکون آور دوا سے)
- یہ جانچ ایکسریز کا استعمال کرتی ہے، لیکن یہ کم سے کم رکھی جاتی ہیں
- عضلات سے متعلق سکون آور دوا (بسکوپین (Buscopan)) سے مریضوں کو کلوزڈ اینگل گلوکوما، دل سے متعلق پریشانیوں یا پروسٹیٹ سے متعلق پریشانیوں کے ضمن میں تھوڑا خطرہ پایا جاتا ہے۔

آپ کے ڈاکٹر نے یہ جانچ کرانے کی صلاح اس لیے دی ہے کیوں کہ انہیں لگتا ہے کہ معائنہ نہ کرانے کے خطرے کے بالمقابل اسے کرانے کے فائدے زیادہ ہیں۔ اس کے باوجود، ہم ضمانت نہیں دے سکتے کہ یہ جانچ آنت میں پائے جانے والی تمام خرابیوں کا پتہ لگا لے گی۔

## احتیاط

آپ کو کوئی بھی دوا حسب معمول لیتے رہنا چاہیے۔ اگر آپ نے کولوسٹومی کرائی ہے، یا آپ حاملہ ہو سکتی ہیں تو برائے مہربانی صلاح کے لیے ہمیں اس نمبر پر کال کریں جو آپ کے اپائنٹمنٹ لیٹر پر دیا گیا ہے۔

اگر آپ کو ذیابیطس ہے تو ہم صبح میں جلدی اپائنٹمنٹ کا انتظام کر سکتے ہیں۔ آپ کو آنت کی تیاری کے دوران اپنے جی پی، اسپتال کے ڈاکٹر یا اپنی ڈائبٹیز ٹیم سے اپنے ذیابیطس پر قابو پانے کے بارے میں بات کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ برائے مہربانی ایسا کرنے سے پہلے اپنی آنت کی تیاری کا آغاز نہ کریں۔

### آپ کی آنت کی تیاری سے متعلق اہم ہدایات

ہمیں آنت کے استر کی ایک واضح تصویر فراہم کرنے کے لیے، جانچ سے پہلے آپ کی آنت کو پاخانے سے صاف ہونا چاہیے۔ آپ کے لیے درج ذیل ہدایات پر دھیان سے عمل کرنا ضروری ہے، ورنہ یہ جانچ دہرانے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

گیسٹروگریفن لینے کے بعد آپ کثرت سے دست (جیسے اسہال) ہونے کی توقع کر سکتے/سکتی ہیں، اس لیے کسی بیت الخلا کے قریب ہی رہیں۔

## گیسٹروگریفن تیار کرنا

ہم نے آپ کو 20 ملی لیٹر گیسٹروگریفن کی تین بوتلیں دی ہیں۔
آپ کو بوتل کے مواد کو ایک گلاس پانی یا پتلا کئے ہوئے جوس میں ڈال کر ملانا چاہیے۔ برائے مہربانی اس بارے میں جانکاری کے لیے نیچے دیکھیں کہ آپ کو گیسٹروگریفن کب لینی چاہیے۔

### اپنے اسکین سے دو دن پہلے

- کم ریشے دار غذا کھائیں – کھانوں کی فہرست اس کتابچہ میں بعد میں دیکھیں۔
- ناشتہ کے وقت **گیسٹروگریفن** کی پہلی بوتل، پانی میں ملی ہوئی، لیں۔

### اپنے اسکین سے ایک دن پہلے

- **ناشتہ:** کم چکنائی اور ریشے دار غذا، پھل کا جوس، چائے، کافی، سفید بریڈ یا ٹوسٹ کھائیں لیکن اپنے کسی بھی مشروبات میں دودھ نہ لیں۔
- **گیسٹروگریفن** کی دوسری بوتل، پانی میں ملی ہوئی، لیں۔
- زیادہ مقدار میں سیال پیئیں؛ مثلا پانی، جوس، چائے، کافی، لیکن اپنے کسی بھی مشروبات میں دودھ نہ لیں۔
- **دوپہر کا کھانا:** کم چکنائی والی بھاپ سے پکی ہوئی یا جالی پر بھنی ہوئی مچھلی، مرغ یا کم چکنائی والا گوشت، چھلے ہوئے آلو، سفید بریڈ، لیکن کوئی سبزیاں، دودھ یا مکھن نہیں – کھانوں کی فہرست اس کتابچہ میں بعد میں دیکھیں۔
- زیادہ مقدار میں سیال پیئیں؛ مثلا پانی، 2 جوس، چائے، کافی، لیکن اپنے کسی بھی مشروبات میں دودھ نہ لیں۔
- **شام کا کھانا:** صاف سوپ (ٹکڑے نہیں) یا جیلی۔ کوئی ٹھوس کھانا نہ کھائیں۔

- **گیسٹروگریفن** کی باقی بوتل، پانی میں ملی ہوئی، لیں۔
- زیادہ سے زیادہ سیال مثلا پانی، جوس، چائے، کافی پیئیں، لیکن اپنے کسی بھی مشروبات میں دودھ نہ لیں۔ **کوئی اور چیز نہ کھائیں۔**

**اپنے اسکین کے دن**

- **ناشتہ:** خشک ٹوسٹ کا ایک ٹکڑا۔ اتنی مقدار میں پانی، جوس، چائے، کافی پیئیں جتنا آپ چاہتے ہوں، لیکن اپنے کسی بھی مشروبات میں دودھ نہ لیں۔ **اپنے اسکین کے بعد تک کوئی اور چیز نہ کھائیں۔**

## وہ کھانے جو آپ کھا سکتے/سکتی ہیں

- کم چکنائی والا نرم گوشت، مرغ، خنزیر کی ران، جگر، گردہ، خاص ترکیب سے تیار کردہ سبزی کا پروٹین
- پھل کے ذائقہ والا یا جما ہوا دہی
- چھلے ہوئے آلو، ابلے ہوئے، کچلے ہوئے، بھنے ہوئے
- گاجر، شلجم، سویڈ، پھول گوبھی (ڈنٹھل نہیں)
- صاف یا چھنا ہوا سوپ
- نرم ڈبہ بند جوس میں پھل (بیج نہیں)
- سفید بریڈ، آٹا، چاول یا پاستہ
- واٹر بسکٹ، کریم کریکرز، رچ ٹی
- پلین اسکون (پھل نہیں)
- شہد، سیرپ، آئس کریم
- چائے، کافی، شکر، مصنوعی شکر، (آپ اپنی چائے یا کافی کے ساتھ دودھ نہیں لے سکتے/سکتیں)
- ٹماٹر کا جوس، بغیر گودے والا پھل کا جوس، پتلا کیا ہوا جوس
- پانی اور جھاگ دار مشروبات

## وہ کھانے جن سے پرہیز کرنا ہے

- سخت گوشت، بیف برگرز، ساسیجیز
- ساسیج رولز، پائیز، پیسٹیز، پیسٹریز
- دودھ، مکھن، پنیر، مارجرین، چکنائی اور تیل
- سالم پھل یا میوسلی والی دہی
- چھلکے کے ساتھ بھنا ہوا آلو – چھلے ہونے ضروری ہیں
- دیگر تمام پھل، سبزیاں اور سلاد
- گاڑھا سوپ، بیکڈ بینز
- سالم گندمی بریڈ یا آٹا، سالم گندمی پاستہ، براؤن چاول
- زیادہ ریشے والی کرسپ بریڈ، ڈائجسٹیوز، ہوبنوبز
- پھل، نٹس، ناریل والے کیک
- نٹس اور خشک پھل
- جیم یا چھلکے یا بیجوں والے مربّے
- زیادہ ریشے دار سیریئلز، دلیہ، میوسلی، برین

**مرکز رابطہ کا ٹیلیفون نمبر**
0141 347 8379
www.nhsgg.org.uk

Equalities In Health
MI • 265506b - Urdu

نظرثانی کی تاریخ: جولائی 2018